6223 ـ بيت الخلاء جاتے وقت مصحف ساتھ ركھنا

سوال

ميں جہاں بھی جاؤں قرآن مجيد اپنے ساتھ ركھتا ہوں اس ليے كہ ہميشہ قرآن پڑھنا پسند كرتا ہوں اور اپنى كتابوں كے ساتھ بيگ ميں ركھ ليتاہوں ، جب ميں گھر سے باہر بيت الخلاء جانا چاہوں تو مجھے كيا كرنا چاہيئے ؟
باہرنہيں ركھنا چاہتا اس ليے كہ ہوسكتا ہے كہ كوئ اٹھا لے اس ليے ميں كتابوں كے ساتھ بيگ ميں ركھ كر اپنے ساتھ لے جاتا ہوں تو كيا يہ جائز ہے ؟
امريكہ ميں بيت الخلاء بہت زيادہ اوركھلى جگہ ميں ہوتے ہيں اور قضائے حاجت كے ليے اس ميں جگہ مخصوص ہوتى ہے تو مجھے اپنا بيگ كہاں ركھنا چاہيئے ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

اگريہ ممكن ہو كہ آپ بيگ كوباہرہى ركھيں تو يہ اچھا اور بہتر ہے ، اور اس كے ضائع يا چورى ہونے سے ڈرتے ہيں تو اس بيگ كو اپنے ساتھ لے جا سكتے ہيں ، اور اگرآپ اس بيگ كو پيشاب كرنے والى جگہ (كموڈ) سے دور ركھيں تو يہ افضل اور بہتر ہے ۔

واللہ تعالى اعلم ۔ .